PK
1979
M35

Manzur Ahmad, Sayyid
Matla'-i khvurshid

PLEASE DO NOT REMOVE
CARDS OR SLIPS FROM THIS POCKET

UNIVERSITY OF TORONTO LIBRARY

Manzūr Aḥmad, Sayyid.

Maṭla'-i Khurshīd

PK
1979
M35

LIBRARY
JUL 25 1970
UNIVERSITY OF TORONTO

بہ عون صناع ملکین و مکان و فضل خلاق زمین و زمان

مطلع خورشید

مطبع منشی نولکشور میں بار دوم مطبوع ہوا

LIBRARY
MAY 8 1968
UNIVERSITY OF TORONTO

بسم اللہ الرحمن الرحیم

توائر شوق شکر ایزد تعالی شانہ کا کانون صدور شعرا مین کیون نہ شعلہ زن ہو کہ جسنے
چار چمن بہت بنا کو فصول ارکان رباعی عناصر سے مردّف کرکے طوطی شکر خندہ سے
نفس ناطقہ کو مقابل آئینہ تامل جمال عروس معانی اِنَّ مِنَ الشعر لحکمۃ کی شکرریز کیا ٭
اور قید قوافی سپاس اوس خداوند حقیقی کی مزید وصل معشوقان مجازی سے ہے کہ
جسنے عنادل خوش الحان دبستان شعرای فصیح نوای زبان کو قفس تنگ دہان مین قوت
اذہان راسخان ان من البیان لسحرا سے نغمہ ریز فرمایا ٭ سبحان اللہ ایسا قادر کہ جسکی مشاطہ
قدرت کی بکر عروس معانی کو حجلہ صدور فکر مین جلوہ ظہور کا بخشا ٭ اور جسکی صانع حکمت نے
سواد لفظ کو فروغ مضمون سے مثل مردم چشم کی سرچشمہ نور کا کیا ٭ زبان نطق پرداز
افاضہ نیسان مکرمت سے گوہر بدامان ٭ اور فکر معنی طراز فیض بہار موہبت سے

گل درگریبان لمصنفہ دہان غنچہ فیض حمد سے وا ہے زبان خار شکر اوسکی مین گویا ہے
زمین پر ہین رسوان سو بحر احسان ہے فلک یک خیمہ ہے اوتا دو ارکان نعت
جواہر زواہر منشور تحیات بیحد نثار روح پر فتوح اور صدر رسالت شرح اوس مطلع
دیوان رسالت پر کہ جسنے مجموعۂ وقافیتین حسنی والسنی کو فرد غیاب اپنی ہدایت کا
رکے دُرر غرر ندائی انا افصح العرب والعجم کو آویزہ گوش عالم و عالمیان کا کیا ہے
اور جواہر منظوم صلوٰۃ لاتعد موزون عقد اوس باعث ایجاد و تکوین کو کہ جسنے حمائل انوار
از ہار وما ینطق عن الہوی ان ہو الا وحی یوحی سے دوش جہان و جہانیان کو موشح ومزین فرمایا
حبذا السید خاتم النبیین کہ جسکا دین متین ناسخ ملل و ادیان سابقین ہے وسنت سنیہ جسکی رافع
سنن انبیا و مرسلین ہے اعنی فخر النبیین ہے خاتم المرسلین ہے مصباح شبستان نبوت ہے مشکوٰۃ
ایوان رسالت ہے مرغوب ارباب طریقت ہے مطلوب اصحاب حقیقت ہے شفیع المذنبین ہے
انیس المؤمنین ہے نبی الحرمین ہے امام القبلتین ہے مخلع بخلعت قرابت فکان قاب قوسین او ادنی
ذی الکحل بکحل الجواہر ما زاغ البصر وما طغی ہے خاتم فص رسالت ہے عالم نص نبوت حضرت احمد مجتبیٰ
محمد مصطفے ابو القاسم صلی اللہ علیہ وسلم منقبت نفحات رائحات درود و طیبات
وتحیات زاکیات سے ارواح طیبہ واشباح طاہرہ مشاہیر آل اطہار اور جماہیر اصحاب کبار
خصوصاً چار رکن مشکوی شرائع مصطفوی اور چار عنصر کالبد خلافت نبوی یعنی
خلفاء الراشدین ائمۃ المہدیین سے مروح ومعطر ہو کہ جنہون نے اپنے حسن اجتہاد سے
باطنان جہالت کو سالک مسلک آشتی وآگاہی کا فرمایا رضوان اللہ علیہم وعلی ذراریہم
واتباعہم واجزا بہم اجمعین بعد مدح سخن اما بعد قافیہ سنجان انجمن فصاحت اور عندلیبان
چمن بلاغت پر کہ مشاطہ عرائس معنی پروری اور قابلہ دوشیزگان سخن گستری کے ہین

مخفی و محجوب نرہے کہ کوئی متاع ازلیس گران مایہ اور روشن گران بہا سخن سے
دوکان امکان مین بازرگانان فہم و رسا کی ہاتھہ نہ آئی اور کوئی بضاعت ذی قیمت
نفیس و پرضیا کلام منظوم سی بازار ادوار مین کاروانان ذہن و شعور کی نہین پائی
عروضی خردکی بحر تدارک مین گو متواتر غوطہ مارے لیکن دریتیم گرانبہاتر مثل اوسکے
قبضہ و دخل مین نہ آیا اور جماعت رمال عقلانی دائرۂ بیاض خرد مین ہرچند زائچ
اوسکا جا بجا ہرکسیطرح زائچہ ضمیر سے استخراج حکم نظیر شکل فرح بخش اوسکی کا نہوا
صیرفی شعور کو کوئی چیز درست عزیز زائد اس سے نملی اور مصور فکر کے مرقع خیال مین
زیباتر اس سے کوئی صورت متصور نہوئی وزن و مقدار اس در شاہوار کا بجانے بغیر
جوہری کامل اور قدر و اعتبار اس نقد کامل العیار کا نہ پہچانے الا صیرفی عاقل
اور انصاف انہ تو یہ ہی شعر کوئی گوہر نہین سخن کے سوا قدر و قیمت مین اسی در یکتا
نظم ایک دریا ہے ناپیداکنار کہ جسکو کوئی عبور نہین کرسکتا مگر بموزونی اذہان پسندیدہ
اور کلام موزون وہ میزان ہی گران بار کہ جسکو اوٹھا نہین سکتا کوئی الا بمدد
دست طبائع سنجیدہ آدم سے بہر سخن لیکن باوصف تنوع اسالیب اور تلون ترکیب
اور تفاوت مراتب ذہانت اور تباین درجات فراست کے شئے جلا بخش اس گوہر روشن
اور موزون کن اس جواہر سرہمن کا علم قوافی ہے کہ کوئی ناظم علی الحقیقۃ
دریافت اس دقیقہ سے مستغنی نہین کیونکہ جبتک جوہری گوہر سخن کو رشتہ
نظم مین منتظم نکرے عقد گلوی شاہد دلپسند دقیقہ سنجان بلاغت کا نہو اور جبتک
جنس شعر و سخن کی میزان قافیہ مین ہم سنگ نپائی جاوے منظور انظار کامل العیار
اصحاب فصاحت کا نہو ماہرین علم پر مخفی نہین ہے کہ شاعر لا علم کنہ قوافی سخن

محافل بلغا و فصحا ہوتا ہے اور کلام اوسکا مصنع اوقات عقلا و علما فلہذا جب
طالب صادق مجوبہ دقائق رائقہ اس فن سے ہمدوش ہو تب تلاش اوسکی
عین غیرت یوسف طلعتان سحبان طبیعت ہوا اور جب عاشق واسق صفت عذرا ے
نکات فائقہ سے ہم آغوش ہوت تابجا اوسکی باعث رشک لیلی نشان حسان جودت ہو
رخسارہ سلمای عبارت کا منور و منضر ہو اور زلف مشکین لیلاے مقال کی غیرت
نافہ و عنبر ہو اک شعر اوسکا بیفاصلہ نائب مناب مثنوی شیراز زبان ہو اور اک غزل
اوسکی باعث خجلت غزالہ دیوان حجازیان ہو مطلع اوسکا مقطع قصائد عراقیان ہو او
مقطع اوسکا خاتمہ کلام صفاہانیان ہو رباعی اوسکی چار ابروکن رخسارہ رعنای دلبند ہو
اور تنہائی اوسکی آبروریز سلک گوہرین حسناے خاطر پسند قطعہ قافیہ سنجان کہ ہیں عالی تبار
گنج دو عالم پہ رکھیں اقتدار ہو مفتح ابواب سخنہ نکتہ دان ہو مرد سخن سنج کی بیشک زبان
نظر بران شائق صادق کو چاہیے کہ تاسیس اساس علوم قوافی مین بساعد مساعد
ایسی ناموری کا ہووے کہ مجلس گوہر سنجان فصاحت مین شہرہ اوسکی سخنوری کا
پہونچے ہو و خلل تواتر سخن چینیان بدگہر سے اوسکا کلام موزون خروج کرے ہو اور
معراج قبول دقیقہ رسان عالی خبرت پہ عروج فرماوے ورنہ بدون حصول اس در
بے بہا کے گوہر سخنوری برباد بیابانی ہے بقول شیخ شیراز شعر نطق سے انسان بہتر ہو ورنہ
دواب ہو چاہیے انسان کو نطق باصواب ہو درینولا ہر چند سلطان شوق سخن گوئے
بزبان اردو اقالیم ضمائر شائقین بہ علم زن اوری زمانہا نوائرہ عشق غزل نویسی کے
کانون خواطر محبت مظاہر احبا مین شعلہ فگن اگر مہذب کلام اور اصول سخن کا کدہ کو ہوا
بسبب انضباط املاک و اقطاع کے فرصت وقت نہ ملی کہ چند سے حصول خود فن قوافی کا

کرین بلکہ بغور حصول ملکہ نوشتہ اند شدہ بود کی محض معیشت مین کہ انسان حریص کو
اوس سے چارہ نہین ہے مشاغل ہوی گم اور مفقود ذا ور بروقت اشتغال شوق کی مطالعہ کتب
قوافی فارسی سے کہ متعلق ہین قاصر رہے اور سوا ازین ایسا کوئی رسالہ بزبان اردو
کہ ذہن نشین طالب فن قوافی مین ہو کسی متقدمین و متاخرین نی تالیف نہین کیا لہذا
خیر خواہ طالب فن ہیچمدان امیدوار صد مغفرت ذو المنن ترد الخلائق کمترین جہانیان و نالائق
با آنا خوان دلبستان نادانی و بیعلمی سیاح بحور لاعقلی و کم فہمی معتصم بحبل عنایت رب صمد
محتاج شفاعت نبی امجد فقیر ابو عبد العزیز المدعو بہ منظور احمد غفر ہما اللہ الاحد ابن
عالم اکمل و حکیم اجل مولوی ابو عبد اللہ محمد قلندر علی خلف الصدق سید غلام حسین
رفع اللہ درجتہما و نور مضجعہما رضوی الحسینی نسباً و الحنفی مذہباً نقشبندی المجددی
مشرباً بدنی المشہدی اصلاً و الصمدانی الفرخ آبادی وطناً نے برطبق تاکید و
فرمایش مزید بر وفق قد غن و خواہش عدید احباب عالیجناب جلیل النصاب کی اس
عجالہ نافعہ و وجیزۂ مفیدہ کو کتب معتبرہ اہل فن جیسے رسالہ قافیہ عالم بیبدل
فاضل عدیم المثل مخلع بخلعت بلند نامی مولانا عبد الرحمن جامی اور عنوان الشرف
علامہ شرف الدین اسمعیل اور قسطاس علامہ جار اللہ زمخشری اور معیار الاشعار
علامہ محقق طوسی اور معیار جمالی مولانا شمس فخری اصفہانی اور کتاب المعجم
محمد شمس ابن قیس اور مناظر الانشا شیخ محمد گیلانی اور بدائع الصنائع مولانا
عطاء اللہ حسینی اور رسالہ نور الدین ابن احمد اور مفتاح سکاکی اور نہایت الارب
شرح عروض ابن حاجب اور رسالہ علامہ عصر قدوہ کملای دہر مولانا رفیع الدین
وغیرہم سے انتخاب و استنباط کر کے زبان اردو مین مشعر بیان مصطلحات قوافی و فوائد

الوزن مع بحر
وزن بحر
العروض
والتفعیل

ونظائر و وجوہ تسمیہ اصطلاح اور معنی قرار دادۂ مصطلحان قوافی و لغت و اعتراض وجواب مترجمہ اور حرکات و اسماے حروف قوافی جدا جدا فارسی و عربی و اردو کی بہ بیان مفصلہ تالیف و تصنیف کیا بعنایت رب ودود کا امیدوار ہون کہ اس رسالہ کو مقبول و مانوس طبائع فیض منابع خاص و عام کرے ۞ آمین رب العالمین عرض خدمت مین نکتہ سنجان حقائق بلاغت اور دقیقہ رسان دقائق فصاحت کے یہ ہے کہ خطا و غلطی مصنف سراسر تقصیر پر نظر نفرماوین کیونکہ فقیر تا بحین نے تاحال کوئی رسالہ قافیہ کا زبان اردو مین نہین دیکھا پس باین معنی فقیر مصنف بناء الی جامع قوافی و الفاظ اردو کا بانی و بادی ہے اور بادی سے منظر ابتداے فعل نہ ہم خطا واقع ہوتی ہے لہٰذا حتی الامکان اصلاح مین دریغ نفرماوین اور دعاے خیر حسن عاقبت مولف مذنب کو یاد کرین اِنَّ اللہ لا یُضِیعُ اَجرَ المُحسِنِین

کلام اول در تعریف قافیہ و معنی و وجہ تسمیہ آن

شبدیز خامۂ دقائق نگار الفاظ نکات رالقہ مین سطح قرطاس پر اس طور سے جولانی کرتا ہے اور شعاب جبال نکات مدققہ قوافی کو طی کرکے منزل مقصد پر آتا ہے گوہر تحقیق کو رشتۂ تصدیق مین پروتا ہے اور جمال شاہد بیان کو جلوہ ظہور کا دیتا ہے کہ قافیہ اصطلاح شعرا مین مراد ہے اوس مجموع و تمام سے کہ جسکی تکرار الفاظ متحد الاوزان بہت خروز الفاظ متغائر المعانی کی ساتھہ آخر مصرع یا آخر ابیات مین واجب ہو یا مستحسن اس شرط سے کہ مستقل نہو تلفظ مین بلکہ جزو لفظ ہو یا بمنزلہ جزو کی ۞ اور یہ تکرار عام اس سے کہ حقیقی ہو جسطرح پر قوافی رباعی یا قطعات و مثنوی مین یا حکم تکرار کا رکھتا ہو جیسے قافیہ غزل مین ہوا کرتا ہے یا تقدیری جسطرح پر نظم مسمط مین ہوتا ہے اور نزدیک ابو الحسن اخفش کی تمام کلمہ

آخر بیت کا قافیہ ہے اور عند البعض نصف کلمہ ہی اور ابو علی قطرب اور ابو عباس نے فقط حرف روی کو
قافیہ کہا ہے اور ابن کیسان کے نزدیک وہ ہے جسکا اعادہ آخر ہر بیت میں لازم ہو
لہذا حسب قول ابو علی و ابو عباس کی اصطلاح بعض میں رہی اور قافیہ مرادف ہے بیت کا
محاورہ گفتگو میں بولتے ہیں کہ فلان ذال یا شین قافیہ باندھا ہے مثلاً راء مہملہ
اس شعر میں مولانا محمد خرم علی بلہوری کے خدا فرماچکا قرآن کے اندر ٭ مرے محتاج ہیں پیر و
پیمبر ٭ تکملہ اور خلیل ابن احمد امام عروضیان اور سکاکی اور صاحب قصیدہ خزرجیہ
اور مولانا رفیع الدین کے نزدیک تعریف قافیہ کی یہ ہے کہ قافیہ حرف ساکن آخر بیت سے
اوس ساکن تک ہے کہ جو قبل ساکن اول کے ہو خواہ بیواسطہ جیسے فاع اور خواہ بواسطہ
بعضے حروف متحرک کے اور وہ کبھی ایک ہو جیسے لام فعولن کا اور کبھی دو جیسے عین لام
فاعلن کا اور کبھی تین جیسے عین لام اور تا مستفاعلن کا اور کبھی چار جیسے فا اور عین اور لام اور
تا فعلتن کا پس جبکہ ساکن ثانی ماقبل اوسکے ہو تو دونو ساکن مع ما بینہما قافیہ میں داخل ہیں
لیکن بنسبت حرف ماقبل ساکن اول کی دو روایتیں ہیں محقق طوسی حرف حرکت ماقبل کو
داخل قافیہ رکھتے ہیں نہ حرف مذکور کو سکاکی حرف کو بھی داخل قافیہ کہتا ہے اور
صاحب قصیدہ خزرجیہ اور مولانا رفیع کا یہی مذہب ہے کما قال صاحب القصیدۃ شعر

وَقَافِیَۃُ الْبَیْتِ الْاَخِیْرُ قَدْ رَوَوْا ٭ اَلْمُتَحَرِّکُ قَبْلَ السَّاکِنَیْنِ اِلٰی اِنْتِہَا ٭ اور جار اللہ زمخشری کا

یہ قول ہے کہ ماقبل ساکن اول اور حرکت اول ساقط الاعتبار ہے کما قال فی القسطاس

اِذَا تَوَالَتْ فِی الضَّرْبِ اَرْبَعُ مُتَحَرِّکَاتٍ وَاجْتَمَعَ بَیْنَ السَّاکِنَیْنِ کَفَعَلَتُنْ اِذْ وَقَعَتْ ضَرْبًا بَعْدَ جُزْءٍ اٰخِرُہٗ
نُوْنٌ سَاکِنَۃٌ کَقَوْلِکَ مُسْتَفْعِلُنْ فَعَلَتُنْ فَعَلَتْ اَرْبَعُ مُتَحَرِّکَاتٍ مُتَوَالِیَۃٍ قَدْ تَوَسَّطَتْ بَیْنَ نُوْنَیْنِ سَاکِنَیْنِ
سُمِّیَ الْمُتَکَاوِسُ اِلٰی اٰخِرِ الْعِبَارَتِ اور علامہ شرف الدین تعریف قافیہ کی یہ کرتے ہیں ارکان

ان یعرف المقید والمطلق ثم الروف بینها ثم الموسس ثم الوصل ثم الخروج ثم الحروف والحرکات
والعلل قافیہ باب قفا یقفو سے صیغہ اسم فاعل کا ہے معنی اسکے لغت مین پس رو
و درپی رونده کے ہین اور قوافی جمع اوسکی ماخذ اسکا قفو بمعنی از پی رفتن ہے یا یوں کہ اصل اسین
تا ہے قرینہ الحاقیہ ہے علامت اسمیت کی ہے جسطرح پر لفظ حقیقت مین مقابل لفظ
مجاز کے ؛ چونکہ قافیہ کے حرف آخر لیعنے پیچھے کل الفاظ بیت یا پیچھے اکثر ابیات کی واقع ہوتے ہین
گویا پیچھے اونکے جاتا ہے لہذا قافیہ سے موسوم کیا ؛ جزو کلمہ اوس حرف کو کہتے ہین کہ
جسکے جدا کرنے سے وہ لفظ بے معنی ہو جاوے مثلا صنم کہ میم اسکا جزو کلمہ ہے اور زم کہ میم
اسکا بمنزلہ جزو کلمہ ہے سودا ؛ سنگ کو آتشے کرتا ہے پانی آسمان ؛ ہو نہ ہو یہ لاوے
آرسی تا عیب ارکے روبرو ہان ؛ مرزا قتیل کھول دنیا ضرور بند کفن ؛ جوش وحشت ہو
پس مردن ؛ دونون مصرعو اول مین نظیر جزو کلمہ اور مصرعون آخر مین بمنزلہ جزو ؛ واجب
اوسکو کہتے ہین کہ جسکا لانا ضرور ہے لا ؛ اوسکے شعر نہو جیسا کہ عاقل کا قافیہ
دل لانا واجب ہے حافظ شیرازی لبش مے بوسم و درمیکشم مے ؛ آب زندگانی بردہ ام
پیغمبر ؛ جسرات چشم وہ جادو بھری ہو کہ جو نگ آوے نظر ؛ شکل نرگس نظر آئے انگوٹھی مین نگینہ
نور بصر ؛ مستحسن وہ ہے کہ جسکا لانا حسن ہے مگر درجہ ضرورت سے خارج جیسا کہ عاقل کا قافیہ
کامل کرنا مستحسن ہے کرامت علی خان شہیدی دلبن اربان نہا رہا سیر چمن کا اوسکے نگ ؛
کہ مرے ساتھ وہ زنجیرہ شمائل ہوتا ؛ اوسکی یہی ہے کہ بیل مین جتنا پیرتا ؛
ہاتھ اوسکا میری گردن مین حائل ہوتا ؛ واجب ؛ لازم ہے کہ غزل و نظم مین
ردیف یا ہرگز کفایت وحصر کرے جسطرح پر اس شعر مین لاحد ہر کہ رخ جو بیار
یکبار دید ؛ از غم عشق تو خلاصی ندید ؛ دائم بتحیر است گلہا طرح سرو گلستان

نہین ہے ۔ مانند لبت لعل بدخشان مین نہین ہے ۔ دست زلف بلا انگیز عزیز و نگاہ ہے
دل قید ۔ کچھ آپ ہی جبین کی عرق افشان ہی نہین ہے ۔ جرأت دیدہ حسن کو بھی ہمکی
جسکی ہوس ۔ ساق ہی یا ہو نہ بکو زمین کہ جیسے اوسکے ہوس ۔ ہر زا سودا عاشق تو نامرد ہے
بس اسقدر کہ ہم ۔ دلکو گنوا کے بیٹھ رہے صبر کر کے ہم ۔ علی ہذا دیوان میر یار علی متخلص
بہ جان صاحب کے غزل مین کہ فقط لفظ گور پر کہ ردیف ہے حصر کیا اور قافیہ نہ کہا جان صاحب
مر جاؤن تو نہ آوی وہ شب دیجی کی گور پر ۔ کتا ہون گدہی مین جان دون بہرام گور پر ۔
پروانی باجی صبح سے مرتے ہین شام تک ۔ روتی ہے شمع رات کو عاشق کی گور پر ۔
کل غزل کا یہی طور ہے بجز مطلع کے کہ اوسمین لفظ گور تجنیسا واقع ہوا ہے داخل
اور مصراع مین بجز معنی قبر کے اور معنی نہین مین اور یہ عیوب سے ہی لہذا اور قافیہ
تسجمر و بحث مسمط مسمط بالضم میم و فتح سین مہملہ و تشدید میم ثانی مفتوح و طاء مہملہ اصطلاح صنعت شعری
اوسکو کہتے ہین کہ شاعر تین مصرعہ یا زیادہ مین ایک قافیہ کی رعایت مرعی رکھے اور
مصرعہ چہارم یا مافوق اوسکے کو اپنی حالت پر چھوڑ رکھے جیسے اس غزل مین بعضی
اے ماہ عالم سوز من از من چرا رنجیدہ ۔ وی شمع شب افروز من از من چرا رنجیدہ ۔
خواہم ترا مہمان کنم تا جان و دل قربان کنم ۔ جا سے تو در چشمان کنم از من چرا رنجیدہ ۔
من عاشق زار توام از جان خریدار توام ۔ تا زندہ ام یار توام از من چرا رنجیدہ ۔
حافظ دارم گناہ بے عدد استغفر اللہ العظیم ۔ درماندہ ام دردام و دد استغفر اللہ العظیم ۔
جرم گناہ آوردہ ام نامہ سیاہ ور دہ ام ۔ روی چو کاہ آوردہ ام استغفر اللہ العظیم ۔ نیدگی
نشنودہ ام در فسق کم آسودہ ام ۔ سر تا قدم آلودہ ام استغفر اللہ العظیم ۔ حرف مطلع مین
قافیہ لاتے ہین باقی اشعار مین نہین لاتے لہذا اس مین قافیہ تکرار تقدیری قرار دیا

اور امام الدین احمد صاحب مجمع الصنائع اور رشید الدین وطواط صاحب حدائق السحر اور صفی الدین
حلی اور عزیز الدین موصلی اور جماعت کثیر نے فحول علماء نامدار سے صنائع بدیعی مین
مسمط کو لکہا ہے لہذا حدود شرائط قافیہ سے خارج ہے مگر محقق طوسی کلمات متشابہہ
مسمطات کو بہی قافیہ محدود مین شمار کرتے ہین کما قال فی فصل الاول کتاب المعیار اور
مولانا جمال الدین حسین انجو صنعت مسمط کی منکر اور کلام قدما مین اعتراض نفرنا کر سہو قرار دیتے ہین معنی التسمیط کی
لغت مین مروارید در رشتہ کشیدن چونکہ صنعت مسمط مین آخر چند مصراع کی قوافی متماثل آتی ہین لہذا مناسبت نام
موتی پرونے سے رکہتا ہے یا اینکہ تسمیط کی معنی چیزی بفتراک زین بستن کی ہین چونکہ شاعر چند مصراع اپنے کو باہم دیگر سے
مربوط اور منتظم کرتا ہے گویا کہ فتراک زین مین باندہتا ہے کلام دوم در تعریف
ردیف و حاجب و معنی و وجہ التسمیہ آنہا آرائے جہان آرائے ارباب بلاغت
اور ضمائر فیض ذخائر اصحاب فصاحت پر ناظم قلم توضیح معانی ردیف اور توزین تعریف
حاجب کی کلام و بیان کو اسطرح پر مردف کرکے مبرہن کرتا ہے مستور و محتجب نرہے کی
ردیف کی معنی لغت مین یہ ہین کہ ایک گہوڑے پر پیچہے سوار کے دوسرا اسوار ہو اور
کلام شعرا مین اوس لفظ واحد یا الفاظ زائد از واحد کو کہتے ہین کہ جو براہ استقلال
حقیقی یا حکمی بعد قافیہ آخر ابیات مین بعینہ بار بار واقع ہو خواہ بمعنی واحدہ خواہ بمعنی
مختلفہ خواہ ایک بامعنی ہو اور ثانی بےمعنی نظیر بیک معنی جیسے جانم بود و ایمانم بود ٭
نظیر بہ معنی مختلف جیسے جان ما و طوفان ما یعنی جان من و طوفان آب ٭ نظیر بے معنی
جیسے رستہ از ہر جا نرگس و دیدہ کند وا نرگس ٭ قسم دیوانہ لبش بکیدم و خاموشش
گفتگو بیم کرد ٭ کبود ئی لب او سرمہ در گلویم کرد ٭ منظور عفی عنہ اوراق گل یہ وصف
رقاع نگار سے ٭ طغرا لکہا بہار نے خط غبار سے ٭ لالا دری آنکہین عاشق کہ نہ تو

اسے گل رعنا دکھلا ؛ بلبل کو کسی باد ان کو تماشا دکھلا اور ملک خصال پری وش خجستہ خو کہتا ؛
مجال تھی کہ رنگ یار کو مین تو کہتا ؛ نظیر بمعنی مختلف مبارک بریلوی جنبش مژگان
نہین ہو جب چشم یار پر ؛ دوپہرے نکلے چل رہے ہین مردم بیمار پر ؛ دو ہجوم بلبلان
فصل خزان مین اب کہان ؛ اور ٹہنے پہرتے ہین گلستان مین فقط دو چار پر ؛
نظیر کہ زائد ایک کلمہ سے ہو امیر خسرو دہلوی لب شیرین تو کان نمک ستدہ ؛
گرچہ شکر نہ مکان نمک ست ؛ لاحد اے دوست کہ دل زبندہ برداشتہ ؛ نظیر ست
کہ دل زبندہ برداشتہ ؛ لاحد اے ہودم بلے گذاری ؛ بیدردم بلے گذاری ؛ لاحد
متوالی شراب کو چہپا کر لانا ؛ مست والے شراب کو چہپا کر لانا ؛ ہے دختر رز کی پاس عصمت
منظور ؛ متوالے شراب کو چہپا کر لانا ؛ لفظ متوالے کہ تجنیساً تین جگہہ پر واقع ہوا ہے
تین معنی رکہتا ہے مصرع اول مین بہ معنی مست مصرع ثانی مین صاحب عقل مصرع
رابع مین ظاہر ست لا اور شراب کو چہپا کر لانا ردیف ہے رباعی پروا نہین جو سیر
گلستان کیجیے ؛ پروا نہین جو سیر گلستان کیجیے ؛ جون مرغ اسیر پر تو رکہتے ہین ہم ؛
بے پروا نہین جو سیر گلستان کیجیے ؛ مصرع اول مین بمعنی پروا مصرع دوم بمعنی پر کشادہ
مصرع سوم مین بمعنی لیکن پروا نہین اور ردیف دو قسم ہے ایک مستقل کہ جسکا
بیان گذرا کہ براہ استقلال حقیقی آخر ابیات مین بعینہ مکرر وارد ہو دوسرا غیر مستقل
یعنے مستقل حکمی ہو کہ جو قافیہ معمولی تحلیلی مین پایا جاوے کہ نصف لفظ کو قافیہ اور
نصف کو ردیف ٹہرا دین جیسا کہ اس غزل مین انشا جگر کی آگ سنے ہے جس جلد وہ شعلا ؛
لگا سے کے برف مین ساقی صراحی ہمے لا ؛ نکل سکے وادیے وحشت سے دیکہنے مجنون ؛
کہ کیا ہی رہا ہودم سے آتا ہے نالہ لیلی ؛ تو نزاکت ادہر کی گل رعنا کی دیکہو تو انشا ؛ نسیم صبح

جو چھو جاے رنگ ہو میلا ۔ کلمہ لا اخیر دونون شعرون مین غیر مستقل واقع ہو جاے
در آئینہ روی تو گر منیم راست ۔ انوار تجلی الٰہی پیداست ۔ کلمہ ست موقوعہ مصرع ثانی
بمقابل کلمہ راست مصرع اول کے غیر مستقل واقع ہوا واضح ہو کہ لانا ردیف کا ابتدا
گو واجب نہین ہے مگر جب ردیف لائی جاے تب تکرار اوسکی واجب ہو جاتی ہے
تشریح جو شعر کہ شامل ردیف کے ہو اوسکو مردف بہ سکون راء مہملہ کہتے ہین اور یہ
شعار خاص شعراء عجم و اردو کا ہے کیونکہ ردیف مخترعات شعراء فارس سے ہے
مانند رباعی اور تخلص کے مگر کسی کسی شاعر عرب نے بتقلید اہل عجم کچھ غزلین مردف لکھی ہین

بیان حاجب

حاجب اصطلاح ارباب عروض مین مراد اوس لفظ مکرر سے کہ جو بیک معنی قبل ایک
قافیہ کے آوے جیسے لفظ سلطان کا اس رباعی مین مسعود سعد سلطان ملک ہست و
در دل سلطان بود ۔ ہر روز کشندہ عدوی او سلطان بود ۔ ہر گز نبود و نبود و بر سلطان زوال
چشم بد خلق از وقار سلطان دور ۔ خواہ مابین دو قافیہ کے جیسے لفظ داری کا اس
رباعی مین لاحد اسے شاہ بر آسمان داری تخت ۔ سست است عدو تا تو کمان داری سخت
حملہ سبک آری و گران داری تخت ۔ پیری تو بدانش و جوان داری بخت ظہوری
از زمزمہ بر برگ و نوا گشتہ بہار ۔ زآہ گہر عشق و حسد انگشتہ دہان ۔ بیگانہ دل شدند
غمہا ہمہ کہن ۔ تا نغمہ نو رس ہست ناگشتہ زبان ۔ میر کہین انکھون سے خون ہو کے بہا ۔
نہین دل ہی مرت جنون ہو کہ ۔ ساقی جو دوے نازنین بزم کو دے لشار تین ۔ جملہ
ابرو ہی قرین بزم کو دے اشار تین ۔ عند البعض حاجب مین قافیہ اور ردیف اور جو
الفاظ کہ بطریق لزوم مالا یلزم سے مکرر لاوین شامل ہے مگر اسپر حکم اور عمل نہین ہے

کلام سوم در حروف قوافی و معانی و وجوہ تسمیہ آنہا

مخلبند ان بساتین سخن اور شاخچہ پیرایان نکات نو و کہن انکشاف تعریف قوافی مین معیار
فکر کو قید تلاش سے مطلق و مجرد فرماتے ہین اور نائرۂ عشق تشنہ کامان وادی فراق کو
زلال امید وصال سے منطفی و ریان کرکے ہمردیف محبوب مطلوب کا کرتے ہین کہ اصل بنیاد قافیہ کی
حرف روی ہے اور آٹھہ حرف تبع اوسکے چنانچہ ان نو حرفون کو کسی استاد ذی اکتقطعہ نے
بترتیب شایستہ جمع کیا ہی قطعہ قافیہ در اصل یک حرف است و ہشت آن تبع ٭ چار پیش و
چار پس این مرکز آمد دائرہ ٭ حرف تاسیس و دخیل و ردف و قید انگہ روی ٭ بعد ازان وصل
و خروج است و مزید و نائرہ ٭ واضح ہو کہ چار حرف قافیہ کے روی سے ماقبل اور چار حرف
روی کے مابعد ہوتے ہین پس پہلے حرف روی کی تصریح کی جاتی ہے روی بفتح را و
بکسر واو و سکون یا وہ حرف ہے کہ جسپر مدار قافیہ کا ہو خواہ وہ حرف اصلی ہو
یا بمنزلہ حرف اصلی قافیہ کے واقع ہوا ہو جیسے حرف لام کا ان دو شعرون مین لا حد
در ازل نقش تو بر صفحۂ گل دیدیم دل ٭ دیدہ و یاے دل بیچارہ فرو رفت بگل ٭ سودا
دیدہ تیری ہی تئی حق سے نگہہ کا ہے خلل ٭ ایک سے دو نظر آتی ہے بچشم احول ٭ اور روی
عند البعض مشتق ہے روی سے اور روی کی معنی لغت مین سیراب شدن کے ہین پس وجہ تسمیہ یہ
ہوئی کہ جسطرح تشنہ پانی پینے سے سیراب ہوتا ہے اسطرح بیت نزدیک حرف روی کے
تمیم سے سیراب ہوتی ہے یا متکلم بسبب روی کے تکلم سے سیراب ہوتا ہے اور عند البعض
روی مشتق ہے رواء سے اور رواء کی معنی لغت مین ایسی رسی کے ہین کہ جس سے بوجھہ شتر پر
باندہا جاتا چونکہ بنیاد ابیات کی قوافی پر ہے اور بنیاد قوافی کی اسی حرف پر ہے گویا کہ
اسی حرف سے شعر بیا ابیات باندہی جاتی ہین پس اوسکو رواء سے تشبیہ دیتے ہین اور صاحب منتخب نے
کہا ہے کہ روی بروزن فعیل کے بمعنی فاعل ہے اور مثل عرب مین مشہور ہے ما ترکت الحبل الروی

جب

بٹی سے بنے رسی پس اسکی معنی لغت مین بمعنی ریسمان تابندہ کی ہین جسطرح پر کہ ریسمان تابندہ
آسمین اجزای ریسمان کو جمع کرتا ہے یہ حرف بھی ابیات کو باکدیگر جمع کرتا ہے پس بسبب
تشبیہ کے مشابہ اوس شخص کے روی اس حرف کا نام رکھا تکملہ اکثر قصائد حرف روی کیطرف
منسوب ہوتے ہین جیسے قصیدہ لامیہ و میمیہ و نونیہ چار حرف قافیہ کے جو قبل حرف روی کے
واقع ہوتے ہین وہ یہ ہین پہلے ردف اوس حرف علت یعنے الف اور واو اور
یای ساکن کو کہتے ہین کہ جو حرف روی کے اول واقع ہوا ہو اور بیواسطہ حرف
متحرک کے اور حرکت ماقبل ان حرفون کے اونکی جنس سے ہو ردف بالالف قلق ہے تو پیہ
بجز شراب وصال ؛ مرض ہجر کی دوای محال ؛ ردف بواو آباد لکھنوی ہرگز نہ کوئی دیکھ سکے
رخ حضور کا ؛ دی لا کہہ اپنی آنکھون مین سرمہ شور کا ؛ ردف بیا آتش لکھنوی ساقی ہون تلشن زر سے
مشتاق دید کا ؛ دکھلادے جام مے مین مجھے چاند عید کا ؛ محقق طوسی نے کہا ہے کہ
ردف عام ہے مدہ و غیر مدہ سے اور یہ خواہ وہ حرف علت ہو کہ حرکت ماقبل جنس کی مناسب
جیسے خورا اور خیر خواہ حرف صحیح ساکن بشرطیکہ مدہ قبیل اوسکے نہو تا کہ خارج ہو حرف متحرک
امثال الفاظ سر و عادل مین اور ساکن امثال ساخت و برداخت مین پس قید حرف علت کی
نہین ہوئی ردف کے معنی لغت مین پیچھے سوار ہونیکے ہین چہ پس چیزے بود از پی آن
چونکہ حرف ردف پس پشت یعنے ماقبل روی کے قائم ہوا ہے اسلیے اس نام سے موسوم ہوا
عرب مین بایام جاہلیت یہ رسم تھی کہ ایک شخص جانشین بادشاہ کا ہوتا اور بعد اسکے قائم مقام
ثانی اوسکا رہتا اور طرف راست اوسکے بیٹھتا اوسکو ردف کہتے پس یہ حرف بھی
لازم حرف روی کا ہے وجہ تسمیہ ثالث یہ ہے کہ ردیف و ردف دو ستارہ ہین
نسر طائر کے پاس لہذا حرف روی کے ماقبل کا نام ردف اور مابعد کا نام ردیف کہا

جس قافیہ مین کہ حرف ردف ہوا اوسکو مردف کہتے ہین پس اگر روی اور ردف کے بیچ مین
حرف ساکن نہ آیا ہو اوسکو مردف بردف مفرد کہتے ہین جیسا کہ شال اور سلی گذری اور
اگر ایک حرف ساکن درمیان مین حرف علت اور حرف روی کے واقع ہوا ہو
اوس ساکن کو حرف زائد کہتے ہین اور الف اور واو اور یا ردف اصلی ہے اور اوس
قافیہ کو مردف بردف مرکب کہینگے جیسا کہ اس شعر مین نظیر ردف بالف لا اعلم
ازبسکہ تنم ز آتش ہجر تو گداخت ؛؛ نتوان تنم از تنت باز شناخت ؛؛ ردف
بواو سعدی چرا نیکہ میوہ زنے برفروخت ؛؛ بسی دیدہ باشی کہ شہری بسوخت ؛؛ ردف بیا
لا احد ناکردہ گناہ در جہان کیست بگو ؛؛ آنکس کہ گنہ نکرد چون زیست بگو ؛؛ حروف ردف زائد
چہ ہین جیسا کہ کہتے ہین شعر ردف زائد شش بود اے ذوفنون ؛؛ خا و را و سین و
شین و فا و نون ؛؛ جیسا کہ ساخت و سوخت و بیخت و کارد و کاست و دوست و زیست
و کاشت و گوشت و یافت و کوفت و فریفت و ماند و راند و یاد سمجھنا چاہیے کہ ردف قافیہ
فارسی دار دو مین جو واو اور یاے تحتانی ہو حرکت ما قبل انکی کی دو طرح ہے ایک معروف
و مجہول معروف وہ ہے کہ ضمہ اور کسرہ ما قبل واو اور یا کا خوب بڑہایا جاوے جیسا کہ نور
اور تیر مجہول وہ ہی کہ جو برعکس معروف کی ہو جیسے گور اور سیر پس احسن بلکہ واجب یہ ہے
کہ معروف اور مجہول کو ایک شعر مین جمع نکرنے جس طرح پر اس قطعہ مین کمال اسمعیل یا دل
گفتم تو باری ای دل نیکی ؛؛ کز من دوری بیار من نزدیکی ؛؛ دل گفت کہ با دہان و زلفش عمر نیست
من میسازم بہ تنگی و تاریکی ؛؛ سودا سا لہا ہے صنم نالہ شبگیر کیا ؛؛ آہ یکروز تری دل مین
نہ تاثیر کیا ؛؛ حشر مین بھی نہ اوٹھون اسکہ اذیت کھینچی ؛؛ زندگانی نے دو عالم کی مجھے
سیر کیا ؛؛ سودا ہوا دیکھہ حیران صغیر و کبیر ؛؛ جب آگے سے اوٹھہ بہاگی قالین کے ؛؛

اردو میں اخل عیب افحش ہے احتراز اس سے لازم تشریح اور کبھی اوس یای مجہول کو جسکا
امالہ کلمات عربی کے ساتھ کیا ہو ایک شعر میں جمع کرتے ہیں جیسا کہ اس شعر میں
انوری تا ماہ و یم از من رخ در حجیب دارد ۞ نے دیدہ خواب دارد نے دل شکیب دارد
سودا معشوق مثل عاشق جنکی رکیب میں تھے ۞ اوس یار بے وطن کے روی ہی جلیب میں تھے
دوسری قید اوس حرف ساکن غیر ردف کو کہتے ہیں کہ جو بیواسطہ اول روی کی واقع ہو جسطرح یہ نون ان و نون نظیروں میں شعر جو ہر ہر وقت طلوع از افق لسان ز جنگ ۞
زبانہ تیز کنند نالہ مرا آہنگ ۞ شعر کون اس بازار خوبی میں تری ہمسنگ ہے ۞ حسن کے
میزان میں تیرے مہر و مہ پاسنگ ہے ۞ حروف قید کی باعتبار کثرت استعمال نہ باعتبار
حصر کے دس ہیں کہ اس قطعہ میں منظوم ہیں قطعہ گر حروف قید را گیرید یاد ۞ نسبت و لفظ عجم
از دہ زیادہ ۞ با و خا و را و زا و سین و شین ۞ عین و فا و نون و ہا باشد یقین ۞ جیسے ابر و گبر و بخت
تخت و مرد درد و بزم رزم و مست دست و گشت دشت و نغز مغز و سفت گفت و بند
چند و مہر سپہر و سوای ان کے زای فارسی جیسے مژدہ اور تای فوقانی جیسے پتک چتر اور لام جیسے کلک پلک تلخ بلخ اور الفاظ
عربی میں سوا الف کے سب حرف قید ہیں جیسے صبر جبر و ستر و تر و نشر اشر و مجد نجد و فجر
و فخر بخر و مدح قدح و عذب جذب و حرب کرب و عزم جزم و کسر لسر و کشف لشف
و اصل فصل و غصب قضب و عطر فطر و نظم عظم و جعد رعد و مغص نغص و حفر نفر و
عقل نقل و ذکر فکر و حلم علم و جمل نمل و منع شنع و نور طور و قہر دہر
و خیر شیر تنبیہ اگر بنا قافیہ کی لفظ عربی یا فارسی یا ہندی پہ رکھیں تو رعایت تکرار
قید کی سب حرفوں میں لازم ہے جیسا کہ رعد و عد و کبر و فکر و عیب غیب البتہ بعض
اساتذہ نے باعتبار رعایت قرب مخرج کے اختلاف قید کو جائز رکھا ہے جیسے لفظ

بحر و شہر کی شعر سعدی مین جیسا کہ آگی بیان کرونگا انشاء اللہ العزیز قید کے
معنی لغت مین بند کے ہین چونکہ تغیر اس حرف کا روا نہین اور تکرار کی رعایت لازم ہے
گویا ایک بند ہے حرف قید پر اور یہ بہی ہے کہ حرف قید درمیان دو حرفون کی قید ہتا ہے
لہذا بنام قید نامور کیا تیسری تاسیس اوس الف ساکن کو کہتے ہین کہ اوسکے
اور روی کے درمیان مین ایک حرف متحرک کا واسطہ ہو جیسے شامل کامل و برابر
سراسر و کاکل کابل اور اوس متحرک کو دخیل کہتے ہین نظیر اوسکی حرکت شین اور
فاکی اس مطلع مین کمال اسمعیل اصفہانی اے آنکہ لاف میزنی بر دل کہ عاشق ست
طوبے لک ار زبان تو با دل موافق ست ٭ اور حرکت حرف با کی اس مطلع مین رند
چودہوین رات جو تو سے مقابل ہو جاے ٭ چاندنی میلی ہو دہلوانے کے قابل ہو جاے
جملہ شعرون مین الف تاسیس اور حرف مابعد اوسکا دخیل آخر اختلاف تاسیس کا اہل عجم کی
نزدیک ممنوع نہین بلکہ التزام اسکا از قسم صنائع ہے اور قافیہ موسسہ وہ ہے
کہ جسمین الف کی رعایت تمام ابیات مین مرعی رکہین شعراے عجم و اردو کی برخلاف
فصحاے عرب تاسیس کو واجب نہین جانتے ہین بلکہ مستحسن سمجہتے ہین معنی تاسیس کے
لغت مین بنیاد افگندن کی ہین چونکہ بنیاد و ابتدا حرف قافیہ کی اسی حرف سے ہے
کیونکہ حرف ماقبل اسکا داخل قافیہ مین نہین لہذا بنام تاسیس موسوم ہوا چوتہے
دخیل اوس حرف متحرک کو کہتے ہین کہ جو تاسیس اور روی کے درمیان مین واقع ہو
جیسا کہ شین معجمہ اور فا شعر فارسی اور با موحدہ شعر اردو متذکرہ نظیر حرف
تاسیس مین جمہور شعرا کے نزدیک رعایت تکرار کی اسمین واجب نہین ہے وجہ تسمیہ
اسکی یہ ہے کہ دخیل کے معنی لغت مین بمعنی درآیندہ کے ہین چونکہ یہ حرف

(لفظ عاشق ۱۲ — غافل ۱۲ — لفظ مقابل اور قابل کا ۱۲ — بلد)

معنی قید در لغت و اصطلاح

تاسیس

دخیل

درمیان تاسیس و روی کی داخل ہوا ہے بدین جہت اس اسم سے موسوم کیا اور
یعنے کہ تکرار تاسیس کو قوافی مین مثل روی کے لازم جانتے ہین دخیل کو حائل
کہتے ہین اس سبب سے کہ حائل ہے دو حرف واجب الاتیان والتکرار کے درمیان مین
اب تشریح ان چار حرفون کی جو مابعد روی کی آتے ہین کیجاتی ہے پہلے حرف وصل
اسکو کہتے ہین کہ جسکو روی سے ملحق کرین اور روی بسبب اسکے متحرک ہو جائے جیسا کہ میم
متعم فارسی اور یائے تحتانی شعر اردو مین لاحد من ہ بوسے تو ہوا خواہ نسیم سحر ہم ہے
نہ بوسے تو خبر دارد مین سحر ہم ہ میرے چرخ کو کب تھا سلیقہ یہ ستمگاری مین ہ کوئی محبوب
اس یہ نہ زنگاری مین نواب آصف الدولہ اے پری نام خدا تیری سجاوٹ خاصی ہ
گفتگو سحر غضب خوب لگاوٹ خاصی ہ اور حرف وصل کا عام ہے یعنے خواہ مشہور الترکیب ہو
جیسے میم دارم وکارم کا خواہ غیر مشہور الترکیب جیسے ہای ہوز لالہ اور پیالہ کا اور فارسی مین ہ حرف
وصل کے بنظر اکثریت استعمال کے مستعمل ہین جنکو کسی شاعر نے اس قطعہ مین جمع کیا ہے رباعی ده بود وصل
فارسی گہرا ہ الف و دال و کاف و ہا و یا ہ حرف جمع و اضافت و مصدر ہ حرف تصغیر و
رابطست مگر ہ عند المحققین انحصار ان حرفون پر نہین ہے کیونکہ عند التفحص بہت سے
پائی جاتی ہین چنانچہ مفصل تحریر ہوتے ہین الف جون توانا و بینا و نگارا و یارا با موحدہ
جیسے دریاب وشتاب تا فوقانی جیسے گفت و بافت جیم عربی جیسے و بیاج
جیم فارسی جون پنج دال مہملہ جون کند و زند را مہملہ جون انگشتر شین معجمہ
جیسے خورش و گردش غین معجمہ جیسے گیاغ و چراغ مزید علیہ گیا چراغ یعنے چیدان
کاف تصغیر جون پسرک و دخترک کاف فارسی جیسے بندگی شرمندگی میم جیسے گفتم
و شنفتم نون جیسے رنجن و رمین واو تصغیر جیسے پسرو واو زائدہ جیسے تومند

بحث حرف وصل

ور برومند ہائی مختفی سوای کہ وسہ وچہ ونہ کی جیسے لالہ نالہ وخریدہ وکردہ ہمزہ بدل
از ہائی مختفی جیسے خانۂ ما وکاشانۂ ما یای تحتانی جیسے مستی لیستی ایرانی تورانی اور
سوا اُنکے حروف ند وانہ وید واید واہم وایم چنانچہ کردند ونمودند وکردہ اند ونمودہ اند و
کردید ونمودید وکردہ اید ونمودہ اید وکردم ونمودم وکردہ ام ونمودہ ام ونمودیم کردیم
وکردہ ایم ونمودہ ایم الن حرف جمع جیون محبوبان وخوبان الف علامت
جیون روان ودوان اور ہا جیسے کالہا وعالمہا ستان فاعلیہ
گلستان وسنبلستان تر جیون کہتر ومہتر ار جیسے گفتار ورفتار ست جیون جانست
وخوالنست گان جیسے رایگان وشایگان دان جیسے قلمدان ودرمدان ندہ
جیون گویندہ وجویندہ وار جیسے مردموار وگندموار چہ جیسے سراچہ وقباچہ وش
جیسے حوروش اور نوروش ور جیسے گنجور ورنجور وہنرور مند جیسے تومند وبرومند
گر جیسے زرگر وآہنگر گار جیسے رستگار ودستگار محقق طوسی نے کہا ہے کہ تحقیق
اسمقام پر یہ ہے کہ جو حرف ساکن قائم مقام ایسے حرف کا ہو کہ جو روی مطلق سے بلجاو
نا کہ کلمہ اوس سے تمام ہو وہ بھی قبیل حرف وصل کے ہے دوسری خروج بضمتین اور
حرف کو کہتے ہین جو حرف وصل سے بلجا جیسے شین گفتمش وسفتمش جامے ما ہیچ کسان کو سے
یاریم ؛ ما سوختگان خامکاریم ؛ با کشتۂ آن ولعل یاریم ؛ تا دست ز خوبیان نداریم ؛
یا حرف وصل میم حرف خروج ہو دا ہیلین تین جبنی ساتہہ جب اونکی مولیان ؛ اب
اوس بغیر کہتی ہین بیرنگ ہولیان ؛ ولہ عاشق کی بہی ہئے کہتی کیا خوب طرح رائی
دو چار گہڑی رونا دو چار گہڑی باتین ؛ یای تحتانی وصل نون خروج مولانا یوسف
عروضی نے ذکر خروج کا نہین کیا لہذا محقق طوسی نے باتباع اسکے فرمایا ہے کہ درست یہ ہے

[illegible]

کہ خروج فارسی مین نہین ہے کیونکہ حرف وصل کا متحرک نہین ہوتا مولانا صہبائی فرماتے ہین
کہ مولانا یوسف عروضی نے حروف خروج کو بھی حرف وصل مین شمار کیا ہے جسطرح کہ
جمہور متاخرین حرف بعد از نائرہ کو نائرہ کہتے ہین تیسری مزید اوس حرف کو کہتے ہین
جو خروج سے ملجاوے جیسا کہ تاے فوقانی دیدہ ہست و شنیدہ ہست کا اور الف گلستان
و بوستان کا اور شین معجمہ اس شعر مین شعر علی عینیہ عین اللہ چشمان سیاہ مستش چہ
مژگان سنان آسا سپہ مرد افگن نگاہ مستش ٭ سودا بلبل چمن مین کسکی یہ ہین
بد شرابیان ٭ نوٹی پڑی ہین غنچون کی ساری گلابیان ٭ میر تقی بتوار غرق خون مین
انکھین گلابیان ہین ٭ دیکھین تو تیری کب تک یہ بیحجابیان ہین ٭ یاے تحتانی وصل الف خروج
نون مزید چوتھی نائرہ اوس حرف کو کہتے ہین کہ جو مزید سے ملحق ہو جاوے خواہ وہ ایک
حرف ہو یا زیادہ ایک سے جیسا کہ شین منقوطہ اس شعر مین لاحد دل کہ بدست تو سپردم ستمش
نائرہ اسے جان کہ نبرد ستمش ٭ نائرہ بر نائرہ وہ ہے جو زیادہ ایک حرف سے ہو
استادی آمنہ کہ بچشم مہر بدید ستمیش ٭ وز جملہ نیکوان گزیدہ ستیمیش ٭ سین مہملہ وصل تاء فوقانی
خروج یاء تحتانی مزید میم نائرہ شین معجمہ نائرہ بر نائرہ حسینی یاد آتی ہین جو زلفون کی
اوران گلستان و بوستان کا نائرہ ہے
تیری اوبجھاوٹین ٭ بھول جاتا ہے دل صد چاک سب سلجھاوٹین ٭ واضح ہو کہ
نائرہ بر نائرہ یا جو کچھ بعد نائرہ کے آوے وہ حکم ردیف مین ہے اختلاف انکا
قافیہ مین جائز نہین نائرہ بمعنے رمندہ مشتق ہے نوار اور یہی نار بمعنی آتش سے وجہ
تسمیہ یہ ہے کہ شعلہ مضطرب اور بھاگنے والا ہوتا ہے لہذا یہ حرف بھی حروف
قافیہ سے کنارہ پر جا پڑا گویا سبب رم کرتا ہے کما قال ابو سلم نشاری والشمس اخفی المحمر والقیسی
کلام چہارم در اسماء حرکات قوافی و معانی و وجوہ تسمیہ آنہا ٭

از انجاکہ ارکان اس علم عالی اساس سے رکن اعظم اور قدم نجم نہے واقف ہونا حرکات قوافی سے
لہذا خامہ بدائع نگار آمادہ نفاذ ایضاح ہے مخفی نرہے کہ حرکات قافیہ کے چھ ہین جیسا کہ کسی شاعر
اسکو ایک شعر مین جمع کیا ہے شعر رس و اشباع و حذو و توجیہہ است ؛ باز مجری و نفاد از روی است
نفاذ وہ رس کے معنی لغت مین بتشدید سین مہملہ ابتدا کی ہین اور اصطلاح قوافی مین
حرکت ماقبل تاسیس کو کہتی ہین اور سوای فتحہ کے اور حرکات کا ہونا ممتنع الامکان ہے جیسا کہ حاطی
حاصل اور حافظ کا از انجاکہ حرکات قافیہ مین یہ حرکت ابتدائی ہے لہذا اہل اصطلاح نے
نام اسکا رس رکھا اشباع بالفتح کے معنی لغت مین دراز کردن کے ہین اور اصطلاح مین دراز
کرنا حرکت کا ہے اسطرح پر کہ ضمہ کی درازی سے واو اور فتحہ کی درازی سے الف اور کسرہ کی
درازی سے یای تحتانی پیدا ہو اور عرف عروضیون مین حرکت مابعد تاسیس یعنے حرکت دخیل کو
کہتے ہین اور یہ اکثر بکسرہ ہوتا ہے جیسے کسرہ شین کا عاشق مین اور فتح بھی ہوتا ہے نظیر
قاریابی بگذشت ماہ روزہ بخیر و سایر کی ؛ پر کن قدح ز بادۂ گلرنگ را وکی ؛ اما نشت الیان
بہولونکی باروں کی سراسر رکھین ؛ نشتیان شیشہ و ساغر کے برابر رکھین ؛ اور بالضم بھی آتا ہے
جامی ای کشتہ مرا نرگس شوخت بہ تغافل ؛ زلف تو گرفت ست ز دو رسم تطاول ؛ مبارک
بریلوی ابتک نہ شک مسیحا کو تغافل ہی رہا ؛ مر گئے ہم مگر آنے مین تساہل ہی رہا ؛ اور اختلاف
اسکا جب روی ساکن ہو جائز نہین حذو بجای حطی مفتوحہ ذال معجمہ مع الواو کے معنی لغت میں
بمعنے برابر کردن دو چیز باہم کی ہین اور کلام عروضیون مین حرکت ماقبل ردف اور قید سے مراد ہے
جیسا کہ فتحہ کار اور بار اور سست و دست اور لخت سخت کا نظیر حذو مردف غالب دیوانگی سے
دوش پہ زنار بھی نہین ؛ یعنے ہماری جیب مین یکتار بھی نہین ؛ ذکر میرا بہ بدی بھی اسے
منظور نہین ؛ غیر کی بات بگڑ جاے تو کچھہ دور نہین ؛ اور نظیر حذو تقیید کی یہ ہے غالب

ہم سے کھل جاوے بوقت مے پرستی ایکدن ٭ ورنہ ہم چھیڑینگے رکھکر عذر مستی ایکدن ٭
تشریح جسوقتکہ قافیہ شامل بحرف ردف موصولہ اور قید موصولہ کے ہو اختلاف حذو کا
جائز ہے کمال اسمعیل گر سوز دلم یک نفس آہستہ شود ٭ از دود دلم ۲ ا نفس بستہ شود ٭ ذریہ
ازان آب ہمیگر دانم ٭ تا ہر چہ منقش ست آن شستہ شود ٭ مبارک سوز نگینی جو ہے بستہ دہن ہوگا ٭
ہر زخم نمک سودہ ہی خستہ بدن کا ٭ تشریح اختلاف ردف کا روی متحرک کے ساتھہ جائز ہے
بحث توجیہ
ساکن کے ساتھہ جائز نہین ہے توجیہ بروزن تشبیہ لغت مین کسی چیز کی طرف موہنہ پہیرنیکو
کہتے ہین اور اصطلاح عروض مین حرکت ماقبل روی کو کہتے ہین جیساکہ حرکت سین اور
دال کی سر اور در مین غالب یہ ہم جو ہجر مین دیوار و در کو دیکھتے ہین ٭ کبھی صبا کو کبھی نامہ بر کو
دیکھتے ہین ٭ چونکہ یہ حرکت روی ساکن کی موہنہ کو طرف ماقبل کے پہیر دیتی ہے اور تلفظ مین
تابع اپنے ماقبل کے رہتی ہے لہذا توجیہ اسکا نام رکھا اور اختلاف اسکا ہرگز جائز نہین ہے
مگر جسوقت کہ روی متحرک ہو لب بب حرف وصل کے جیساکہ انوری نے اس قصیدہ مین
جسکا مطلع یہ ہے انوری ای مسلمانان فغان از دور چرخ چنبری ٭ وز نفاق تیر و قصد
ماہ و سیر مشتری ٭ مین سامری اور عنصری کو قافیہ کیا ہے مبارک وہ چشم جادو بہری ہے
کافر کہ ہوش اوڑ جاوے سامری کا ٭ فصاحت ایسی ہے گفتگو مین کہ جس سے دم بند عنصری کا ٭
بحث مجری
مجری بفتح میم و الف مقصورہ لغت مین بمعنی جاری روان شدن کی ہین اور اصطلاح قوافی مین
حرکت حرف روی کو کہتے جب کہ وصل سے بجاوے جیسے کہ حرکت نون کی زبانی و جہانی اور
حرکت تاء فرشت کی مے پرستی و مستی مین حرکت واو کی کساوٹ و لگاوٹ مین اور یائے حذف کی
شرابش و کبابش یا بحالت اضافت و صفت جیسے جان من جان ناتوان وجہ تسمیہ
اسکی یہ ہے کہ یہ حرکت مشابہ مجرا کی ہے اس جہت سے کہ تا وقتیکہ آواز اسپر نہین گذرتی ہے

حرف وصل تک نہین پہنچی ہے پس اسکا تشبیہاً مجرا نام رکہا اور اختلاف اسکا ہرگز
جائز نہین ہے جیسے اس شعر مین واقع ہوا حافظ شیرازی صلاح کار کجا و من خراب کجا ببین
تفاوت رہ از کجاست تا بہ کجا ؛ کما قال الجامی نفاذ بفتح نون و ذال معجمہ در آخر اصطلاح نیز
اوس حرکت وصل کو کہتے ہین جو خروج سے ملا ہو جیسا کہ حرکت یاے تحتانی کی اس شعر مین لا احد
تا چند سنگ لاخہ غم افگنیم ؛ ور سنگ ستم شیشہ دل اشکنیم ؛ اور اردو مین جائز ہے حسینی
کہل گئین سب حقیقتین کرتے ہو کیا بناوٹین ؛ اندنون ہی سبب نہین آپ کی یہ رکاوٹین سر ور
ہاے مندرجہ حرف وصل یاے حلی خروج نون مزید ۱۲
غیر ان کی ساتھہ مکو ہاے ہمکناریان ہین ؛ یون درد پہلو و دل اور بیقراریان ہین ؛ فارسی مین
لازم نہین کہ حرف وصل کا متحرک ہو جسقدر ساکن ہو بہتر ہے شعر ما عاشق زرد نیکوانیم ؛ دیوانہ
مشکل ہنر خوانیم ؛ حرکت خروج اور مزید اور نائرہ کو بہی نفاذ کہتے ہین جیسا کہ میم اور شین
معجمہ کی حرکت گفتمش و سپردستمش اور بہی اس شعر مین شعر تا کے بجوان دیدہ و دل
پرور پریشان ؛ از نرہ بہ ان رہ زند و نبرد آور پریشان ؛ اردو مین یہ حرکت مستعمل نہین اور
نہ سننی گئی ہے لکہی ہی جاتی اگر جہ اصطلاح یہ ہے کہ حرکت کاف فارسی کی لاویگا مین شمس قیس نے
لکہا ہے کہ نفاذ بذال معجمہ بمعنی گذشتن تیر از نشانہ و روان شدن کار و فرمان کے ہین یا بدال
مہملہ بمعنی تمام شدن و فنا شدن چونکہ اس حرکت کو تامیت اور فنا مین دخل ہے اور بعد اوسکے
کوئی حرکت نہین لہذا اس نام سی موسوم ہوا اور شرح خزرجیہ مین علام نقشبندی لکہا ہے وجہ التسمیۃ بالنفاذ
بالمعجمۃ ان تلک الحرکۃ سبب نفاذ حکم الخروج والنفاد بالمہملۃ من نفد کسمع نفادا و نفدا اتنی و ذہب فہذہ الحرکۃ
نفاد الوصل بالخروج تفسیر کتاب المعجم مین شمس قیس نے ردیف کے بیان مین لکہا ہے
مصرع و ہمانا و لت سپہر افراختہ ؛ حرف تاء فوقانی روی ہا ہوز وصل خا معجمہ ردف زائد الف ردف
اصلی حرکت ما قبل الف حذو حرکت تا ے فوقانی مجری حرکت خای معجمہ اگرچہ تقطیع مین بحرف متحرک

محسوس ہی مگر یہ حرکت قابل اعتبار نہین ہے اور نہ اسکا کچھ نام ہے جاننا چاہیے
کہ سوای حرکت ما قبل ردف کے کہ اختلاف اوسکا ممتنع الوقوع ہے اختلاف اور حرکات کا ایک
شعر مین ممنوع ہے مگر جسوقت کہ حرف وصل کا روی سے ملحق ہوکر روی متحرک ہو جاوے
جیسا کہ اس شعر مین سعدی کے جو خواہد کہ ویران کند عالمی ٭ کہ ملک در پنجۂ ظالمی ٭ مجبور
پنجہ کو بستم اپنی کافری کی ٭ سوگند بت پنجہ ستمگری کی ٭ اور ایسا مثنوی و قصاید مین اکثر ہوتا ہے
اور غزل مین کم اور یہ بھی بسبب عدم میسر ہونے لفظ موافق کے توجیہ مثل
مانند آبلہ و سلسلہ کہ قافیہ اوسکا زلزلہ ہی اور الیسی ولم اور کلم کا قافیہ ملیم کے ساتھ کرنا درست ہے

کلام مختصر در القاب قوافی و معانی و وجوہ التسمیہ آنہا ٭

اسمند ایک غور مفحص علم قوافی اور بستانان دقائق اس فن کافی کے واسطے غواصان
بحور علم و آگہی اور اصلاح مسالک انشا پردی کا بحر [illegible] مین متواتر غوطہ زنی اور سیاحی
کرکے درر غرر مطالب کو اصلاح تصنیف الصبیان مین لاتی ہین علی الخصوص مولانا عبد الرحمن
جامی اور علامہ محمد ابن قیس صاحب کتاب المعجم با ختلاف بعض الفاظ فرماتی ہین کہ
اوس قافیہ کو جسکی تقطیع آخر مین دو ساکن پے در پے آوین جیسے دار خار وزر دگرد و
تیر شیر مترادف کہتے ہین غالب نالہ جز حسن طلب ای ستم ایجاد نہین ہے تقاضای
جفا شکوۂ بیداد نہین ٭ مترادف کے معنی لغت مین پیاپی شدن و از پی در آمدن آنکے ہین
اور مترادف کے معنی دو کس یکدیگر سوار شوندہ اور بمعنی پے در پے کے ہین پس وجہ تسمیہ
اسکی ظاہر ہے متواتر اوس قافیہ کو کہتے ہین کہ جسکے آخر مین ایک حرف ساکن ہو
اور ما قبل اوس ساکن کے ایک حرف متحرک اور قبل اوسکے بھی ساکن یا ساکن جسکے بیچ مین
دو ساکن کے ایک متحرک واقع ہو جیسا کہ داری یاری گوہر خنجر و مردی و سردی و گرمی

نزمی غالب رہا گر کوئی تا قیامت سلامت ؛ پھر اک روز مرنا ہے حضرت سلامت ؛
تواتر کے معنی لغت مین پے در پے ہونا اسطرح سے کہ کچھ فتور و توقف جو کہ درمیان مین واقع ہو
چونکہ اس قافیہ مین بھی بسبب توسط ایک متحرک کی فتور تتابع سواکن مین واقع ہوتا ہے
لہذا اس نام سے موسوم کیا متدارک لقب اوس قافیہ کا ہے کہ جسمین بعد ساکن کے

قافیہ متدارک

دو حرف متحرک ہون یعنے مابین دو ساکن کے دو متحرک ہون جیسا کہ یار من و کار من حسین
(یہ وتد مفروق ہے ۱۲ منظور)
کرون پہلے توحید یزدان رقم ؛ جھکا جسکے سجدہ مین لوح و قلم ؛ تدارک کے معنی لغت مین
بایکدگر رسیدن و دریافتن چیزی چونکہ اس قافیہ مین دو متحرک نے ایکدیگر کو پایا ہے
لہذا موسوم بمتدارک ہوا متراکب مراد اوس سے ہے کہ جس قافیہ کے تین متحرک دو ساکن مین

قافیہ متراکب

(یہ فاصلہ صغری ہے ۱۲ منظور)
واقع ہون جیسا کہ ورمی سم و لوی الم و مشک ختن و غنچہ دہن غالب تیغ ابروئی جو حد زد
کرے ؛ اوسکی آئی ہے موت کیون نہ مرے ؛ تراکب کے معنی لغت مین باہم نشستن کے
ہین از انجا کہ اسمقام مین چند متحرک پہلوے دیگر مین واقع ہوے ہین گویا باہم بیٹھے ہین لہذا
اس لقب سے ملقب ہوا متکاوس اوسکو کہتے ہین کہ چار متحرک درمیان دو ساکن کے آوین

قافیہ متکاوس

(یہ فاصلہ کبری ہے ۱۲)
اور قافیہ متکاوس کا اشعار عجم و ریختہ مین نہین آیا جیسا کہ نگذری اور نگذری جیا نجہ
اس شعر مین شعر گر یار من غم دلم نخوردی ؛ زین بیشتر کہ بجا لمن نکردی ؛ اور یہ مخصوص قافیہ
اشعار عربی کا ہے جیسے مضطربۃ اسمین ایک ضاد ساکن دوسرے تنوین کہ نون ساکن ہے
تکاوس کے معنی لغت مین برہم نشستن بانبوہی کے ہین چونکہ اس قافیہ مین حرکات کثیرہ
مجتمع ہین گویا ایک دوسری پر بیٹھے ہین لہذا اس نام سے موسوم ہوا یہ شعر جامع ان القاب
قوافی کا ہے شعر مترادف متراکب متواتر میخوان ؛ متدارک متکاوس لقب قافیہ دان ؛
مولانا جامی فرماتے ہین کہ جو حرف روی کہ ساکن ہو اور حرف وصل جسکے ساتھ ملے

اوسکو روی مقید کہتے ہین اگر حرف وصل اوس سے ملا دی تو اوسکو روی مطلق کہین گے
روی مقید اگر حرف قافیہ سے اور حرف نہ رکھتا ہو تو اوسکو مقید مجرد کہتے ہین
جیسے سرور دلبر اگر روی حرف قافیہ کا رکھتا ہو تو ساتھ اوسکے اوسی حرف کے اوسکو نسبت کرینگے
کہ جو حرف رکھتا ہو مثلاً مقید بحرف تاسیس یا مقید بحرف ردف یا مقید بحرف قید کہین گے
اور روی مطلق اگر حروف قافیہ سے سواے حرف وصل کے اور کوئی حرف نہ رکھتا ہو جیسے
سروری دلبری تو اوسکو مطلق مجرد کہین گے اور اگر حروف اور حرف قافیہ سے رکھے
تو اوس حرف سے اوسکو نسبت کرینگے کہ جس سے وہ منسوب ہو جیسے مطلق بوصل یا مطلق بخروج
یا مطلق بقید یا مطلق بردف یا مطلق بخروج یا مطلق بمزید یا مطلق بنائرہ تشریح القاب قوافی
باتفاق مذہب جمہور بیس ہین منجملہ ان چار کی بابت روی مقید باین تفصیل مقید مجرد
جیسے در و برکمام مقید بردف مفرد جیسے کار و بار مقید بردف مرکب جیسے ساخت
و باخت مقید بحرف قید جیسے درد و زرد اور سولہ بابت روی مطلق باین تشریح مطلق مجرد
جیسے تنم و منم مطلق بخروج جیسے بریم و خوریم مطلق بخروج و مزید جیسے برمش و خورمش مطلق
بخروج و مزید و نائرہ جیسے برمشان و خورمشیان مطلق بردف مفرد جیسے شمارم و سپارم
مطلق بردف و خروج جیسے یاریم و زاریم مطلق بردف مفرد و خروج و مزید جیسے داریمش
وکارمش مطلق بردف مجرد و خروج و مزید و نائرہ جیسے کارمشان و دارمشان مطلق بردف
مرکب جیسے برداختم و انداختم مطلق بردف مرکب و خروج جیسے داشتیم و کاشتیم مطلق بردف
مرکب و خروج و مزید و نائرہ جیسے داشتیمشان و کاشتیمشان مطلق بردف قید جیسے
وردم و زردم مطلق بحرف قید و خروج جیسے بردیم و خوردیم مطلق بحرف قید و
خروج و مزید جیسے بردمش و خوردمش مطلق بحرف قید و خروج و مزید و نائرہ جیسے

بر دو میشان خور دیشان اور حسب قول بعض کہ جو مبنی عدم اشتراط حرف وصل پر ہے

اونتیس القاب ہین من اراد الاطلاع علیہ فلیرجع الی الوافی بشرح الکافی

کلام ششم در عیوب قوافی و معانی و وجوہ تسمیہ آنہا

واضح ولائح ہو کہ عیوب قافیہ کے متعدد ہین پہلے اقوا بکسر اول و تخفیف ہمزہ اختلاف حذو اور توجیہ یعنے حرکت ماقبل روی اور حرکت قید کو کہتے ہین جیسے دور بالضم کو دور بالفتح یا جُست اور گُل اور کہلنا بالضم کو جَست بالفتح و گل اور کہلنا بالکسرہ کو ایک شعر مین جمع کرین سودا الکہہ یا مجنون کو شیر [یعنے کشودن ۱۲] تر بہ کہدیا مستقی ہے جا فصد [یعنے شگفتن ۱۲] ز پیمانہ ساقی چمن مین چہوڑ کی مجہکو کدہر چلا ؛ پیمانہ میری عمر کا ظالم تو بہر چلا ؛ عالم تو مر رہا ہے ہر اک آن پر تری ؛ تیغ و سپر تو ڈلے یہ کس پر چلا سودا ترے کوچہ سے جو ہین آپ کو چلتے دیکہا ؛ جی کسی تن سے نہ اسطرح سے نکلتے دیکہا ؛ تیغ تیری کا سدا شکر ادا کرتی ہین لبون کو زخم کی دن رات مین ہلتے دیکہا ؛ اور اختلاف اشباع کا بہی داخل اقوا ہے محمد ابن قیس نے لکہا ہے کہ اس شعر میں اقوا ہے شعر ہر وزیر و مفتی و شاعر کہ او طوسی بود ؛ چون نظام الملک و غزالی و فردوسی بود ؛ اقوا کے معنی لغت مین تمام شدن زاد و سفر کے ہین چونکہ یہ عیب بہ سبب اسکی ہوجانے کے زاد و توشہ شاعر کا کہ قافیہ صحیح ہے تمام ہو گیا لہذا اس عیب کو باین اسم مسمی کیا دوسرے اکفا بکسر اول و تخفیف ہمزہ مختلف ہونا حرف روی و قید کا ہے اور اس حرف سے جو قریب المخرج ہے جیسے اغماد و احتیاط صباح و سپاہ بحر و شہر اور اسی قسم سے ہی جمع کرنا حرف عربی اور عجمی یا ہندی کا ایک شعر مین جیسے سک کو شک کے ساتہہ اور سخاوت کو سجاوٹ کی ساتہہ قافیہ کرین اور یہ نہایت ناپسندیدہ ہے سعدی کسان را درم داد و لشکر لطیفہ دمیدہ ؛ طبیعت اخلاق نیکو نہ کسب ؛ شعر خیال روی آشنای آن

میا کہ شب کردم ؛ زگرمی آن قدہا گرم جوشیدم کہ تپ کردم ؛ نظامی چو بر دریا زند
تیغ یلالک ؛ بماہی گاو گوید کیف حالک ؛ اس شعر مین دو عیب ہین ایک اقوا دوسرے
اکفا کیونکہ لام یلالک کا کہ را مہملہ سے بدلا گیا ہے مفتوح بخلاف لام حالک کی کہ مضموم ہے
اور یہ اقوا مین داخل ہے کاف یلالک کا فارسی اور حالک کا عربی یہ اکفا ہے سودا
ساق سیمین کو ترے دیکھ کے گوری گوری ؛ شمع مجلس مین سلائی جاتی ہی تھوڑی تھوڑی
دلکو زبس تصور جانانسے ربط ہے ؛ تصویر یار آئینہ دلپہ ثبت ہے ؛ آتش دلہے المنونکا مرقع نکہہ
وہ بحر ہین جسکے آگے سات سمندر بھی ایک لہر ؛ مگر بحالت قرب مخرج بعض اساتذہ نے اس اختلاف کو
جائز کہا ہے مگر میرے نزدیک غیر جائز محقق طوسی کے نزدیک اختلاف حرف روی کا بلا اعتبار
قرب مخرج کے اکفا ہے اکفا کے معنی لغت مین کم کرنا برتن کا تاکہ جو کچھ اوسمین ہو گر جاوے اور خم کرنا
کمان کا اور اختلاف حرف روی کا ایک شعر مین کذا فی الصراح والمنتخب والشمس سناد بکسر سین مہملہ
و فتح نون و در آخر دال مہملہ اختلاف ردف کا ہے جیسے زبان و زمین کو ایک قافیہ مین جمع کرین شعرائے
عجم و ریختہ کی نزدیک جائز نہین اور عیب فحش ہے برخلاف شعرائے عرب کی کہ اختلاف ردف کا واو و یا مین
جائز جانتے ہین جیسے عمود و عمید اور یہ اشعار عرب مین بہت آیا ہے سناد کی معنی لغت مین
مخالف کی ہین چونکہ اس قافیہ مین ایک قافیہ مخالف قافیہ ثانی کا ہوتا ہے لہذا اس نام سے
موسوم کیا ایطا کی معنی ہے لغت مین بکسر اول و سکون تحتانی و فتح طا مکرر لانا قافیہ کا ہے ایک شعر مین
اور پائمال کرنا کسیکو کذا فی الصراح والشمس اور اصطلاح قوافی مین اعادہ کرنا اور مکرر لانا
قافیہ کا ہے لفظاً و معناً پس قافیہ کا مکرر لانا گویا اوسکا پائمال کرنا ہے اور یہ دو طرح ہے
یعنی جسکا تکرار لفظاً منظور
ایطائے جلی و ایطائے خفی ایطائے جلی وہ ہے کہ تکرار جسکی ظاہر ہو جیسے نیکوتر و بہتر
اور ستمگر اور فسونگر کو ایک شعر مین جمع کرین اور اسیطرح سے نون نسبت کا

جیسے گفتن و شنیدن ؛ اور الف و نون جمع کا جیسے یاران و دوستان اور
ہا و ہو زبی جیسے لالہ ہا و غنچہ ہا اور الف و نون صفت کا جیسے خندان
و گریان اور یا ے تنکیر جیسے مردے و زنے اور دال مضارع کا
جیسے دہد و بود اور نون تخصیص جیسے سیمین و زرین اور حرف مند
جیسے دردمند و سعادتمند اور بعض الفاظ عربیہ مین جیسے مومنات و مسلمات و دولت
داست اور ہندی مین نون و الف مصدری جیسے کہنا سننا اور واو و نون
جمع کا جیسے یارون و دوستون اور علامت مضارع ہندی جیسے دیوے و ہووے
اور چلو رہو اور سوتا ہے روتا ہے اور علامت فاعل کی جیسے جانی والا ہونیوالا
اور بکری مرغی ہاتی گہوڑے قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ جب حرف زوائد یا علامت کسی کلمہ کے
آخر سے دور کردیا جاوے تو قافیہ درست رہے مثلاً گفت و شنید و یار و دوست
و درد و سعادت کہ اسکا قافیہ درست نہین ہے میر شیر علی افسوس نے رسکے سپارہ دگر
کہول آے گے عندلیبون کے ؛ چمن مین پہول گویا آج ہین تیرے شہیدون کے ؛ یہ عیب
اگرچہ کلام اساتذۂ متقدمین مین واقع ہو مگر احتراز لازم ہے محمد کمال اسمعیل اصفہانی اوستاد
وقت کی ان شعرون مین کسطرح یہ عیب ایطا کا واقع ہوا ہے کمال اسمعیل مقتبس از
شعلۂ رایت شعاع آفتاب مستعار از نفحۂ خلقت نسیم خوش دمش ؛ ای عجب شمشیر خنجر
ارچہ سبز از رنگ شد ؛ چون ہمہ سالہ ز خون لعل میباید خورشش ؛ باز حیرت چون نہ چیند
دشمنان زا مرغ دل ؛ ہمچو مرغ نیم بسمل جان افتد در تنش ؛ کرد در دل خوش لطاول ہا
ز رنجت خصم لنگ ؛ گہ گہش سخت آمداز گرز گرانش سرزنش ؛ سایۂ حق ہست یارب سایہ اش
پاینده دار ؛ زانکہ فرض ہست از میان جان دعای دولتش ؛ تشریح جو کچہ آخر ابیات مین بمعنے

